۱۰۔ مقالہ ہذا انتساب، اظہار تشکر، مقدمہ اور تین ابواب پر مشتمل ہے۔

باب اول: کا عنوان "غیر مسلموں سے تعلقات کا اسلامی نظریہ" ہے جو تین فصول پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل میں اسلام میں غیر مسلم کے تصور جب کہ دوسری فصل میں غیر مسلموں سے تعلقات قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح کیا گئے ہیں جبکہ تیسری فصل میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی اور مدنی زندگی میں غیر مسلم رشتہ داروں سے سماجی تعلقات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

باب دوم: کا عنوان "قرن اول میں غیر مسلم رشتہ داروں سے سماجی تعلقات" ہے۔ جو تین فصول پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل میں خلفاء راشدین کا تعارف اور ان کے عہد کی خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے جب کہ دوسری فصل میں خلفاء راشدین کے عہد میں غیر مسلموں سے سماجی تعلقات کو اور تیسری فصل میں اموی دور میں غیر مسلموں سے سماجی تعلقات کو واضح کیا گیا ہے۔

باب سوم: کا عنوان "غیر مسلم رشتہ داروں سے سماجی تعلقات کی روایت اور اس کی عصری معنویت" ہے۔ جو تین فصول پر مشتمل ہے پہلی فصل میں غیر مسلم رشتہ داروں سے صلہ رحمی قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح کی گئی ہے جب کہ دوسری فصل میں غیر مسلموں سے تعلقات کی ضرورت واہمیت کو آج کے دور میں بیان کیا گیا ہے اور تیسری فصل پر امن معاشرے کی تشکیل پر مبنی ہے۔